12-07-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے آج ضلع یادادری بھونگیر کے رامنا پیٹ میں 274 کروڑ 79 لاکھ روپے کی لاگت سے تین اہم سڑکوں کے ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھا۔

۲۔تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا کہ ریاستی حکومت کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کی بحالی میں ناکام رہی ہے۔

۳۔ڈی وارمنگ ڈے کے موقع پر کل 13 جولائی کو ریاست کے تمام اضلاع میں بچوں میں پیٹ کے کیڑوں سے تحفظ کی ادویات تقسیم کرنے کے لئے انتظامات مکمل کر لئے گئے۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے مختلف علاقوں میں آئندہ تین دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس حکومت نے سکندرآباد پارلیمانی حلقہ کے غریب اور متوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کو مکمل طور پر نظرانداز کر دیا ہے۔انہوں نے آج عنبرپیٹ اسمبلی حلقہ کے کاچی گوڑہ ڈویژن میں حکام کے ساتھ پیدل دورہ کے دوران یہ بات کہی۔انہوں نے بتایا کہ ہر ہفتہ اور اتوار بستیوں کا دورہ کر کے مقامی لوگوں سے مسائل معلوم کئے جا رہے ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ برسات شروع ہونے کے باوجود سڑکوں کی مرمت نہیں کی گئی،اسٹریٹ لائٹس بند ہونے سے بستیاں اندھیرے میں ڈوبی ہوئی ہیں اور

پینے کے پانی کا شدید بحران ہے۔انہوں نے جی ایچ ایم سی اور محکمہ آب رسانی کے حکام سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے ڈبل بیڈروم مکانات کے نام پر عوام کو دھوکہ دیا جبکہ موجودہ کانگریس حکومت کو اقتدار میں آئے تقریباً تین سال ہونے کے باوجود مستحق افراد کو پنشن فراہم نہیں کی گئی۔

Desk

Damodar Raja Narasimha

ریاستی وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت تعلیم اور صحت کے شعبوں کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔انہوں نے ضلع سنگاریڈی کے وٹاپلی میں محکمہ صحت کے تحت تعمیر ہونے والے 30 بستروں پر مشتمل جدید ہاسپٹل کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر نے حکام کو ہدایت دی کہ ہاسپٹل کی تعمیر جلد مکمل کر کے عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔بعدازاں انہوں نے وٹاپلی زرعی مارکٹ احاطہ میں مجوزہ پولیس اسٹیشن،تحصیلدار دفتر اور منڈل پریشد ڈیولپمنٹ آفیسر کے دفاتر کے لئے تجویز کردہ مقامات کا بھی معائنہ کیا۔

PTC Sangareddy

Kadiyam Srihari

سابق نائب وزیر اعلیٰ اور اسٹیشن گھن پور کے رکن اسمبلی کڈیم سری ہری نے کہا ہے کہ ریاست میں شدید خشک سالی کے باوجود دیوادولا لفٹ اریگیشن اسکیم کے ذریعہ متحدہ ورنگل ضلع کے کسانوں کی فصلوں کو بچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے آج اسٹیشن گھن پور اسمبلی حلقہ کے دھرما ساگر ریزروائر میں گوداوری لفٹ اریگیشن اسکیم کے تحت پانی کی پمپنگ کے عمل کا

جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کو آبپاشی کے لئے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

Deworming Day

ڈی وارمنگ ڈے کے موقع پر کل 13 جولائی کو ریاست کے تمام اضلاع میں بچوں میں پیٹ کے کیڑوں سے تحفظ کی ادویات تقسیم کرنے کے لئے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔
راجنا سرسلہ ضلع کی ضلعی میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر اینجیلا الفریڈ نے ایک بیان میں بتایا کہ ضلع میں ایک سے 19 سال کی عمر کے ایک لاکھ 33 ہزار 695 بچوں کو دوا دینے کے انتظامات کیئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو بچے کل دوا نہیں لے سکیں گے انہیں 20 جولائی کو دوا فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی قسم کی افواہوں یا غلط فہمیوں پر یقین نہ کریں اور اپنے بچوں کو لازماً یہ دوا دلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دوا کے کوئی مضر اثرات نہیں ہیں۔
کریم نگر ضلع کی کلکٹر چترا مشرا نے ہدایت دی ہے کہ ضلع کے تمام بچوں کو پیٹ کے کیڑوں سے محفوظ رہنے کیلئے دوا دی جائے۔ انہوں نے اس مہم کی کامیابی کے لئے قبل ازیں جائزہ اجلاس منعقد کیا ہے۔
ہنمکنڈہ ضلع کلکٹر چاہت باجپائی نے بھی قومی انسدادِ پیٹ کے کیڑوں کے دن کو کامیاب بنانے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلع بھر میں ایک سے 19 سال کی عمر کے بچوں میں دوا تقسیم کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت دی کہ اس مہم کو کامیاب بنانے کے لئے اساتذہ، آنگن واڑی کارکنان اور طبی عملہ باہمی تعاون سے کام کرے۔ اس سلسلہ میں محکمہ صحت، تعلیم، محکمہ بہبود خواتین و اطفال کے عہدیداران کے ساتھ ایک رابطہ اجلاس منعقد کر کے ضروری ہدایات بھی جاری کی گئی ہیں۔

PTC, Rajanna Sircilla, Hanumakonda, Karimnagar

Jupally Krishna Rao

کانگریس کے متحدہ ضلع عادل آباد کے انچارج وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری خصوصی نظرِ ثانی مہم کے دوران ہر اہل ووٹر کو اپنے نام ووٹر لسٹ میں ضرور درج کروانا چاہئے۔ وہ منچر یال میں ایس آئی آر سے متعلق منعقدہ شعور بیداری اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ

Byte - Jupally Krishna Rao

PTC-Mancherial

CP RDM

راما گنڈم پولیس کمشنر امبر کشور جھا نے خبردار کیا ہے کہ قانون مخالف سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے منچر یال میں کل رات کارڈن سرچ آپریشن کے دوران میڈیا سے بات چیت کی۔

Byte - Amber Kishore Jha...

PTC Mancherial

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے مختلف علاقوں میں آئندہ تین دنوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش بھی ہوسکتی ہے۔محکمہ کے مطابق مانسون کے اثر سے بعض اضلاع میں بارش متوقع ہے۔

PN

Janaki

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے معروف گلوکارہ ایس جانکی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان کی وفات ہندوستانی موسیقی کی دنیا کے لئے ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔انہوں نے کہا کہ ایس جانکی نے اپنی سریلی آواز سے لاکھوں دلوں میں اپنا مقام بنایا ہے اور انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

دوسری جانب مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بھی ایس جانکی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کئی دہائیوں تک اپنی آواز سے سامعین کو محظوظ کیا۔ان کے گائے ہوئے ہزاروں نغمے اور منفرد اندازِ گائیکی آنے والی نسلوں تک یادگار رہیں گے۔

Desk

Rythu DISCOM

ریاستی الکٹری سٹی ریگولیٹری بورڈ نے کسان ڈسکم کے قیام کیلئے لائسنس جاری کیا ہے۔زرعی شعبہ کے لئے قائم کئے جانے والے رعیّتو ڈسکم کو ہدایت دی ہے کہ وہ 10 جولائی سے مرحلہ وار اپنی سرگرمیاں شروع کرے۔کمیشن نے تین ماہ کے اندر جامع کاروباری منصوبہ پیش کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔واضح کیا گیا ہے کہ کسانوں کو زرعی مقاصد کے لئے موجودہ نظام کے مطابق مفت برقی کی فراہمی جاری رہے گی اور زرعی موٹروں پر میٹر نصب نہیں کئے جائیں گے۔تاہم زرعی فیڈرس اور ٹرانسفارمرس پر بجلی کے استعمال کا اندازہ لگانے کے لئے میٹر نصب کئے جائیں گے۔ریاست بھر میں زرعی برقی کی فراہمی، لفٹ اریگیشن اسکیمات، مشن بھگیرتا، حیدرآباد میٹرو واٹر سپلائی اور دیگر بلدیاتی پینے کے پانی کی اسکیمیں بھی رعیّتو ڈسکم کے دائرہ کار میں شامل ہوں گی۔

Desk

Abhayahastham

سنگاریني نے اطلاع دی ہے کہ ابھئے ہستھم اسکیم کے تحت اس سال یو پی ایس سی سیول سروس پری لیمنری امتحان میں کامیاب ہو کر مینس امتحان کے لئے اہل قرار پانے والے تلنگانہ کے امیدوار آن لائن درخواستیں داخل کریں۔ کمپنی نے بتایا کہ درخواستوں کی جانچ کے بعد اہل امیدواروں کو مالی امداد فراہم کی جائے گی۔ مزید تفصیلات کے لئے امیدواروں کو سنگاریني کی سرکاری ویب سائٹ ملاحظہ کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔

Desk

Komatireddy

ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے آج ضلع یادادری بھونگیر کے رامنا پیٹ میں 274 کروڑ 79 لاکھ روپے کی لاگت سے تین اہم سڑکوں کے ترقیاتی کاموں کا سنگِ بنیاد رکھا۔ بعد ازاں عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت سڑکوں کی ترقی کو انتہائی اہمیت دے رہی ہے۔ ریاستی وزیر نے بتایا کہ بھونگیر۔ چٹیال فور لین سڑک کے علاوہ نا گارم۔ چوٹ اپل اور رائے گیری۔ موتکور رابطہ سڑکوں کی ترقی سے عوام کو بہتر سفری سہولتیں فراہم ہوگی۔ اس موقع پر رکن پارلیمنٹ چاملا کرن کمار ریڈی، رکن اسمبلی کے انیل کمار ریڈی، سرکاری وہپ ویمولا ویریشم اور دیگر عوامی نمائندے بھی موجود تھے۔

PTC Yadadri Bhuvanagiri

Kaleshwaram... Ramchander Rao

تلنگانہ بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاستی حکومت کالیشورم لفٹ اریگیشن پروجیکٹ کی بحالی میں ناکام رہی ہے۔انہوں نے اس معاملہ پر چیف منسٹر ریونت ریڈی کے نام ایک کھلا مکتوب روانہ کیا۔اپنے مکتوب میں رام چندر راؤ نے کہا کہ کانگریس حکومت نے بیاریجس کی بحالی کے کام کو نظرانداز کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ این ڈی ایس اے کی سفارشات پر بروقت عمل نہ کرنے کی وجہ سے کسانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ چیف منسٹر، این ڈی ایس اے کی رپورٹ کو بنیاد بنا کر عوام کو گمراہ کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میڈی گڈہ بیاریج میں پانی ذخیرہ کئے بغیر بھی کنے پلی پمپ ہاؤس کے ذریعہ پانی حاصل کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کالیشورم پروجیکٹ کے پانی کو عوام اور کسانوں کے مفاد میں فوری طور پر استعمال میں لایا جائے اور اس معاملہ میں مرکزی کمیٹی پر الزام عائد کر کے ذمہ داری سے راہ فرار اختیار نہ کی جائے۔انہوں نے میڈی گڈہ، انارم اور سندیڈلہ بیاریجس کی جلد از جلد بحالی کا بھی مطالبہ کیا۔

PN

○○